# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON POWER DIVISION ON THE REGULATION OF GENERATION, TRANSMISSION AND DISTRIBUTION OF ELECTRIC POWER (AMENDMENT) BILL, 2026

I, Chairman of the Standing Committee on Power Division, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (ACT No. XL of 1997) [The Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Bill, 2026] (Government Bill), referred to the Committee on 30th March, 2026.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Mr. Muhammad Idrees** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Babar Nawaz Khan | Member |
| 3) | Sheikh Aftab Ahmed | Member |
| 4) | Raja Qamar Ul Islam | Member |
| 5) | Chudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 6) | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 7) | Rana Muhammad Hayat Khan | Member |
| 8) | Mr. Muhammad Abdul Ghaffar Watto | Member |
| 9) | Mr. Muhammad Shaharyar Khan Mahar | Member |
| 10) | Mr. Khurshid Ahmed Junejo | Member |
| 11) | Mr. Nauman Islam Shaikh | Member |
| 12) | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 13) | Syed Waseem Hussain | Member |
| 14) | Mr. Sanjay Perwani | Member |
| 15) | Mr. Junaid Akbar | Member |
| 16) | Malik Anwar Taj | Member |
| 17) | Mr. Sher Ali Arbab | Member |
| 18) | Haji Imtiaz Ahmed Choudhry | Member |
| 19) | Mr. Ali Afzal Sahi | Member |
| 20) | Malik Muhammad Aamir Dogar | Member |
| 21) | Minister for Power Division | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **'Annexure-A'**, in its meeting held on 03-6-2026, and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(Saeed Ahmad Maitla)**
Acting Secretary
*Islamabad, the 09th June, 2026*

Sd/-
**(Muhammad Idrees)**
Chairman

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

*further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (ACT No. XL of 1997)*

**WHEREAS,** it is expedient further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (ACT No. XL of 1997), for the purpose hereinafter appearing:

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**. - (1) This Act may be called the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XL of 1997.**- In the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (ACT NO. XL of 1997) hereinafter referred to as the said Act, in section 2, after clause (viii), the following new clause (viiia), shall be inserted, namely: -

"(viiia) Division concerned means the Division to which the business of the Act stands allocated;"

3. **Amendment of section 7, Act XL of 1997.**- In the said Act, in section 7, in sub-section (3), in paragraph (a), for the expression "Federal Government", the expression "Division concerned" shall be substituted.

4. **Amendment of section 22, Act XL of 1997.**- In the said Act, in section 22, in sub-section (2),-

(i) for the expression "distribution company", the expression "supplier of last resort" shall be substituted.

(ii) for the expression "one year", the expression "two months" shall be substituted.

5. **Amendment of section 31, Act XL of 1997.**- (1) In the said Act, in section 31, in sub-section (7),

(i) for the expression "Federal Government", occurring for the first, second and third time, the expression "Division concerned" shall be substituted;

(ii) for the word "falls" the word "fails" shall be substituted.

(iii) in the proviso, -

(a) in paragraph (i), for the expression "Federal Government", wherever occurring, the expression "Division concerned" shall be substituted;

(b) in paragraph (ii), for the expression "Federal Government", occurring for the second, third, fourth, fifth and sixth time, the expression "Division concerned" shall be substituted; and

(c) in paragraph (iii), for the expression "Federal Government", wherever occurring, the expression "Division concerned" shall be substituted;

********

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The proposed amendments to the **Regulation Generation, Transmission and Distribution of Electricity Power Act 1997 (ACT No., XL of 1997)** are intended to align the statutory framework with the evolving structure of the power sector. The amendments seek to replace references to the "Federal Government" with the appropriate authorities, rationalize regulatory functions, and improve administrative efficiency in accordance with the Rules of Business, 1973.

Furthermore, in order to facilitate open access and wheeling and to enable the timely commencement of competitive business-to-business (B2B) electricity market transactions, it has become necessary to amend Section 22(2) of the **Regulation General, Transmission and Distribution of Electricity Power Act 1997 (ACT NO, XL of 1997)** by reducing the notice period for bulk power consumers to discontinue electricity procurement from one year to two months. The existing notice requirement has emerged as a procedural impediment to market liberalization and does not reflect current sectoral realities. The proposed amendments also update statutory terminology by replacing the term "distribution company" with "supplier of last resort", consistent with the post-2018 separation of supply and distribution functions.

The amendments are, therefore, necessary to ensure regulatory clarity, remove operational bottlenecks, support ongoing power sector reforms, and strengthen the legal framework for a competitive electricity market.

The amendment Bill, therefore, intends to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-
**Federal Minister**
Ministry of Energy (Power Division)

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کے (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء پر قائمہ کمیٹی برائے بجلی ڈویژن کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بجلی ڈویژن، ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کے ایکٹ، ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کا (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

2۔ کمیٹی حسبِ ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | **جناب محمد ادریس** | **چیئرمین** |
| (۲) | جناب بابر نواز خان | رکن |
| (۳) | شیخ آفتاب احمد | رکن |
| (۴) | راجہ قمر الاسلام | رکن |
| (۵) | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| (۶) | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| (۷) | رانا محمد حیات خان | رکن |
| (۸) | جناب محمد عبدالغفار وٹو | رکن |
| (۹) | جناب محمد شہریار خان مہر | رکن |
| (۱۰) | جناب خورشید احمد جونیجو | رکن |
| (۱۱) | جناب نعمان اسلام شیخ | رکن |
| (۱۲) | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| (۱۳) | سید وسیم حسین | رکن |
| (۱۴) | جناب سنجے پروانی | رکن |
| (۱۵) | جناب جنید اکبر | رکن |
| (۱۶) | ملک انور تاج | رکن |
| (۱۷) | جناب شیر علی ارباب | رکن |
| (۱۸) | حاجی امتیاز احمد چوہدری | رکن |
| (۱۹) | جناب علی افضل ساہی | رکن |
| (۲۰) | ملک محمد عامر ڈوگر | رکن |
| (۲۱) | وزیر برائے بجلی ڈویژن | رکن بلحاظِ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں، منسلکہ -الف پر دیئے گئے بل پر ۳ جون، ۲۰۲۶ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی مذکورہ بل کو پیش کردہ صورت میں منظور کرے۔

دستخط/-
**(سعید احمد ینتلا)**
قائم مقام سیکرٹری

دستخط/-
**(محمد ادریس)**
**چیئرمین**

اسلام آباد، ۹ جون، ۲۰۲۶ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کا ایکٹ ۱۹۹۷ء میں ترمیم کرنے کا بل

چونکہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کے ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء)، میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ، برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کا (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** برقی توانائی، پیداوار اور تقسیم کو منضبط کرنے کے ایکٹ ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں، جس کا بعدازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں شق (ہشتم) کے بعد حسب ذیل کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ہشتم الف) متعلقہ ڈویژن سے مراد وہ ڈویژن ہے جسے ایکٹ کی بابت اُمور تفویض کیئے گئے ہوں۔''

۳۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، جس کا بعدازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، کی دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۳) میں شق (الف) میں الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۲۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، جس کا بعدازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲۲ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''تقسیم کار کمپنی'' کو الفاظ ''آخری سہارا فراہم کرنے والا'' اور الفاظ ''ایک سال'' کو، الفاظ ''دو ماہ'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۳۱ کی ترمیم:۔** (۱) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۱ میں، ذیلی دفعہ ۷ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، جو پہلی دوسری اور تیسری مرتبہ آنے پر الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کردیئے جائیں گے۔

(۲) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۱ میں، ذیلی دفعہ (۷) میں، لفظ ''آنا'' کو لفظ ''ناکام ہونا'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

(۳) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۱ میں، ذیلی دفعہ (۷) میں، فقرہ شرطیہ میں،۔

(الف) شق (اول) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، جہاں کہیں آرہے ہوں، الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کردیئے جائیں گے؛

(ب) شق (دوم) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، جو دوسری، تیسری، چوتھی، پانچویں اور چھٹی مرتبہ آنے پر الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کردیئے جائیں گے؛ اور

(ج) شق (سوم) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' جہاں کہیں آرہے ہوں الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کردیئے جائیں گے؛

*************

# بیان اغراض ووجوہ

برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کا ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں مجوزہ ترامیم کا مقصد توانائی کے شعبے کے بتدریج بدلتے ہوئے ڈھانچے کے ساتھ قانونی فریم ورک کو ہم آہنگ کرنا ہے۔ ان کے ذریعے "وفاقی حکومت" کے حوالہ جات کو متعلقہ مجاز اتھارٹیز سے تبدیل کرنا، انضباطی افعال کو معقول بنانے اور کاروبار کے قواعد ۱۹۷۳ء کے مطابق انتظامی کارگردگی کو بہتر بنانا مقصود ہے۔

مزید برآں، آزادانہ رسائی اور ترسیل کی سہولت فراہم کرنے اور کاروبار سے کاروبار (B2B) بجلی کی مارکیٹ کے لین دین کے آغاز کو بروقت فعال کرنے کے قابل بنانے کے لیئے، یہ ضروری ہو چکا ہے کہ برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کو منضبط کرنے کا ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) کی دفعہ ۲۲ (۲) میں ترمیم کی جائے تاکہ توانائی کے بڑے صارفین کے لیے انقطاع برقی توانائی کے نوٹس کی مدت ایک سال سے کم کر کے دو ماہ کر دی جائے۔ نوٹس کی موجودہ مقتضیات مارکیٹ کو آزاد بنانے میں طریقہ کار کی رکاوٹ کے طور پر ابھری ہیں اور اس شعبے کے زمینی حقائق کی عکاسی نہیں ہیں۔ مجوزہ ترامیم "تقسیم کار کمپنی" کی اصطلاح کو "آخری سہارا فراہم کرنے والا" سے تبدیل کیا گیا ہے، جو ۲۰۱۸ء کے دور سے ہم آہنگ ہے جو کہ سپلائی اور تقسیم کے کاموں کی علیحدگی ہے۔

لہٰذا، یہ ترامیم انضباطی وضاحت کو یقینی بنانے آپریشنل رکاوٹوں کو دور کرنے توانائی کے شعبے میں جاری اصلاحات کی حمایت، اور مسابقتی بجلی کی مارکیٹ کے لیے قانونی فریم ورک کو مضبوط کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

البذا، ترمیمی بل، کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

وفاقی وزیر

وزارت توانائی (بجلی ڈویژن)